27.04.2025

21.15 Hrs

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

..........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ 140 کروڑ بھارتیوں کا اتحاد اور یکجہتی، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ملک کی سب سے بڑی قوت ہے۔ انھوں نے ملک کو یقین دلایا ہے کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے ذمے دار قصورواروں اور سازش کاروں کو سخت ترین سزا دی جائے گی۔

☆ آکاشوانی کے 'من کی بات' پروگرام میں وزیر اعظم نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ علاقائی زبانوں میں قدرتی آفات سے متعلق ریئل ٹائم الرٹس حاصل کرنے کیلئے 'Sachet' موبائل ایپ کا استعمال کریں۔

☆ وزیر صحت جے پی نڈّا نے کہا ہے کہ بھارت، بڑے پیمانے پر علاج کے مراکز قائم کرکے نیز جلد تشخیص کو فروغ دے کر، کینسر کی دیکھ بھال میں نمایاں پیشرفت کر رہا ہے۔

☆ ایران نے، بندر عباس کے نزدیک بندرگاہ پر ہولناک دھماکے کے بعد کل ایک دن کے قومی سوگ کا اعلان کیا ہے۔

☆ اور خواتین کی کرکٹ میں، بھارت نے کولمبو میں تین ملکی سیریز کے پہلے ODI میں میزبان سری لنکا کو 9 وکٹ سے شکست دے دی ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

## PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ 140 کروڑ بھارتیوں کا اتحاد اور یگانگت، دہشت گردی کے خلاف ملک کی لڑائی میں، اُس کی سب سے بڑی طاقت ہے۔ آکاشوانی پر آج اپنے 'من کی بات' پروگرام میں ملک سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے یقین دلایا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کی سازش تیار کرنے والوں کو سخت ترین سزا دی جائے گی۔ اِس ماہ کی 22 تاریخ کو جموں و کشمیر کے پہلگام قصبے میں ایک دہشت گردانہ واقعے میں26افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ دہشت گردانہ حملے کے بعد بہت سے عالمی رہنماؤں نے اُن سے فون پر بات کی اور خطوط لکھے ہیں، جن میں اِس گھناؤنے دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی گئی ہے۔

2100- PM Modi- World Leader

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور جموں و کشمیر کے دشمن، اِس بات سے خوش نہیں ہیں کہ کشمیر میں امن واپس آرہا ہے، جمہوریت مستحکم ہو رہی ہے اور سیاحوں کی تعداد ریکارڈ شرح پر بڑھ رہی ہے۔

2100- PM- Pehalgam Attack

وزیر اعظم نے من کی بات پروگرام میں ممتاز خلائی سائنسداں، اسرو کے سابق چیئرمین اور قومی تعلیمی پالیسی کے معمار ڈاکٹر کے کستوری رنگن کو خراج عقیدت بھی پیش کیا، جن کا اِس ہفتے کے شروع میں انتقال ہوگیا تھا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک نے ایک عظیم سائنسداں کھو دیا ہے۔ جناب مودی نے اِس سال اپریل میں، آریہ بھٹ سیارچہ داغے جانے کے 50سال پورے ہونے کے موقع پر خوشی کا اظہار کیا۔

انہوں نے کہا کہ ملک گگن یان، SpaDex اور چندریان–چار جیسے، کئی اہم مشنوں کی تیاری میں مصروف ہے۔ جناب مودی نے بتایا کہ بھارت، زہرہ کے مدار والے مشن اور مرّیخ پر اترنے والے سیارچے کے مشن پر بھی کام کر رہا ہے۔

1415- PM on Space Mission

پچھلے مہینے میانما میں جو زلزلہ آیا تھا، اُس کے بارے میں وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نے، راحت اور بچاؤ کی کارروائی میں مدد کیلئے فوری طور پر آپریشن Brahma، شروع کردیا تھا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بحران کی گھڑی میں وِشو مِتر کی شکل میں، بھارت کی تیاری اور انسانیت کے تئیں عہد بندی، ملک کی شناخت بنتی جا رہی ہیں۔

قدرتی آفات سے نمٹنے کے بارے میں وزیر اعظم نے کہا کہ کسی بھی قدرتی آفت سے نمٹنے میں چوکسی سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے شہریوں سے زور دے کر کہا کہ وہ سَچیت موبائل ایپ کا استعمال کریں، جو قدرتی آفات کی صورت میں، علاقائی زبانوں میں بروقت الرٹ کرتا رہتا ہے۔

2100- PM Modi- Sachet App

**NIA Pahalgam Attack**

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے پہلگام دہشت گردانہ حملے میں اپنی تحقیقاتی تیز کردی ہے۔ NIA کی ٹیمیں بدھ کے روز سے دہشت گردانہ حملے کی جگہ پر موجود ہیں۔ NIA نے ایک بیان میں کہا ہے کہ دہشت گردی مخالف ایجنسی کے انسپکٹر جنرل، ڈپٹی انسپکٹر جنرل اور SP، اِس کی نگرانی کررہے ہیں اور یہ ٹیمیں اُن عینی شاہدین سے پوچھ تاچھ کررہی ہیں، جنہوں نے Baisaran وادی میں یہ حملہ ہوتے ہوئے دیکھا تھا۔ NIA کی ٹیمیں اہم سراغ حاصل کرنے کیلئے وہاں داخل ہونے اور باہر نکلنے کے راستوں کی تفصیلی جانچ کررہی ہیں۔x

**Punjab PaK Nationals Return**

بھارت میں موجود پاکستانی شہریوں کو، جو سارک ویزا پر یہاں رہ رہے تھے اور جنہیں اُن کے وطن واپس جانے کیلئے 48 گھنٹے کی مہلت دی گئی تھی، یہ مہلت آج ختم ہوگئی۔ ابھی تک237پاکستانی افراد، امرتسر میں

اٹاری–واگھہ مشترک چوکی کے راستے، اپنے وطن واپس گئے ہیں۔ پاکستانی شہریوں کو بھارت سے چلے جانے کی ہدایت دینے کا فیصلہ، 23اپریل کو منعقدہ، سلامتی سے متعلق مرکزی کمیٹی CCS کی میٹنگ میں کیا گیا تھا۔ یہ میٹنگ، پہلگام دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں منعقد کی گئی تھی۔ اِس حملے میں 26سیاح ہلاک ہوگئے تھے۔

پروٹوکول Call آفیسر ارون ماہل نے، جو اٹاری میں تعینات ہیں، پنجاب کے ہمارے نامہ نگار کو بتایا کہ میڈیکل ویزا سمیت، ویزا کے سبھی حامل افراد کے، بھارت سے چلے جانے کی تاریخ میں 29اپریل 2025 تک توسیع کر دی گئی ہے۔

S/B: Protocol Officer Arun Mahal

اسی دوران ایک ہزار 387بھارتی افراد بھی آج شام تک پاکستان سے واپس آئے ہیں۔ x

**Rev. Char Dham Pak**

اتراکھنڈ سرکار نے اُن 77پاکستانی باشندوں کے اندراج کو منسوخ کردیا ہے جنھوں نے سالانہ چار دھام اور Hemkund صاحب یاترا کیلئے اندراج کرایا تھا۔ اِس فیصلے کا اعلان ریاست کے سیاحت اور ثقافت کے وزیر ستپال مہاراج نے کیا۔

S/B 2100 Satpal Maharaj

یاترا کیلئے آف لائن اندراج کل شروع ہوگا جس کا آغاز ہری دوار، رشی کیس، وکاس نگر اور ہرت پور میں یاتریوں کی مدد کرنے کے مخصوص مراکز میں ہوگا۔x

**PIB Fact Check AFBCWF**

حکومت نے آج کہا کہ وہاٹس ایپ کا ایک میسیج، جس میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ حکومت نے بھارتی فوج کی جدیدکاری کیلئے ایک بینک اکاؤنٹ کھولا ہے، گمراہ کن ہے۔ یہ میسیج مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر پھیل رہا ہے۔ PIB کے فیکٹ چیک یونٹ نے بتایا ہے کہ اِس دعوے کا یہ میسیج جعلی ہے۔ اس نے مزید کہا کہ حکومت نے اُن سپاہیوں کے کنبوں کو فوری مالی امداد فراہم کرنے کی غرض سے، مسلح افواج کا لڑائی میں فوت ہونے والوں کی بہبود کا فنڈ AFBCWF وضع کیا ہے، جنھوں نے فوجی کارروائیوں کے دوران یا تو اپنی جانیں قربان کردیں یا زخمی ہوگئے۔ یہ فنڈ لڑائی میں فوت ہونے والوں کی بہبود اور اُن کے کنبوں کو مالی امداد فراہم کرتا ہے نیز یہ کہ یہ جدیدکاری یا ہتھیاروں کی خریداری کیلئے نہیں ہے۔x

**Bihar Meghwal**

قانون اور انصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے آج کہا کہ مودی حکومت دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے تمام محاذوں پر کارروائی کر رہی ہے۔ پٹنہ میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب میگھوال نے کہا کہ پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کے بعد ملک میں بہت زیادہ غم وغصہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم

نے بہار سے یہ اعلان کیا ہے کہ بے گناہ سیاحوں کی ہلاکت کی بے رحمانہ کارروائی کرنے والوں کو سزا دی جائے گی۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ یہ وزیر اعظم کا عہد ہے کہ جہاں کہیں بھی دہشت گرد چھپے ہوئے ہوں، اُن ہر حال میں سزا دی جائے گی اور اُن کے اُن آقاؤں کو بھی عبرتناک سزا ملے گی جنھوں نے اِس حملے کی سازش کی ہے۔
جناب میگھوال نے کہا کہ ہم پاکستان کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں اور سندھو آبی معاہدے کو منسوخ کردیا گیا ہے، جو کہ ایک جامع کارروائی ہے۔

S/B Arjun Ram Meghwal-1

انھوں نے یہ بھی کہا کہ وزیر اعظم نے یقین دہانی کرائی ہے کہ معاشرے کے تمام طبقات، جن میں درج فہرست کی ذاتوں کی برادریوں کے لوگ بھی شامل ہیں، سرکاری اسکیموں سے استفادہ کریں۔

S/B Arjun Ram Meghwal-2

## DR. KASTURIRANGAN CREMATION

بنگلورو میں آج، ممتاز خلائی سائنس داں، سابق اسرو چیئرمین اور راجیہ سبھا کے رکن ڈاکٹر کستوری رنگن کی آخری رسومات پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی گئیں۔
رمن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں، کئی معزز شخصیتوں نے انھیں خراج عقیدت پیش کیا ۔ ان شخصیتوں میں گورنر تھاورچند گہلوت، کرناٹک کے وزیر اعلی سدرامیا، مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان، اسروں کے چیئرمین ڈاکٹر وی نارئین شامل ہیں۔میڈیا سے بات کرتے ہوئے، دھریندر پردھان نے اس وقت کو یاد کیا جب قومی تعلیمی پالیسی کی تشکیل کیلئے انھوں نے ڈاکٹر کستوری رنگن کے ساتھ وسیع مشاورتی ملاقاتیں کی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ ڈاکٹر کستوری رنگن ایسے اسکالر تھے جو مسائل کی گہری سمجھ اور ایک جامع نقطۂ رکھتے تھے۔×

## Maha Nadda

صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈا نے آج کہا ہے کہ بھارت، کینسر کے علاج اور دیکھ بھال میں ، کافی پیشرفت کررہا ہے، جس کیلئے وہ بڑے پیمانے پر علاج کے مراکز قائم کرنے اور جلد از جلد تشخیص کو فروغ دینے پر توجہ دے رہا ہے۔ جناب نڈا، مہاراشٹر کے چھترپتی سمبھاجی نگر میں کینسر کے سرکاری اسپتال میں، توسیع شدہ کینسر ادارے کے افتتاح اور جدید ترین سہولیات سے لیس True Beam یونٹ کے آغاز کے موقع پر اظہارِ خیال کررہے تھے۔ انہوں نے ایک طبی جریدے 'The Lancet' کی رپورٹ کا حوالہ دیا، جس میں کہا گیا ہے کہ حکومت کی کوششوں سے، بھارت میں کینسر کے 90فیصد مریض، اب تشخیص کے 30دن کے اندر اندر اپنا علاج شروع کر رہے ہیں، جو ایک ایسا ریکارڈ ہے، جسے عالمی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے۔
انہوں نے کہا کہ آج پورے ملک میں 780میڈیکل کالج کام کر رہے ہیں اور حکومت اِس بات کو یقینی بنانے کی پابند ہے کہ طبی تعلیم اور حفظانِ صحت کیلئے فنڈز کی کمی نہ ہو۔

S/B: J P Nadda

**Bihar Guinness World**

بہار میں ممتاز زمروں کے تحت دو ’’ Guinness عالمی ریکارڈس‘‘ حاصل کئے گئے ہیں۔ یہ زمرے ہیں - مدھوبنی پینٹنگ اور بودھ راہبوں کے دھات کے وہ پیالے، جن سے وہ اپنی عبادت کے دوران ایک موسیقی جیسی آواز نکالتے ہیں۔ پٹنہ میں پاٹلی پُتر اسپورٹس کمپلیکس میں آج Guinness عالمی ریکارڈس کے افسروں کی ایک میٹنگ منعقد کی گئی، جس میں وزیر اعلیٰ نتیش کمار کو اِس سلسلے میں سرٹیفکیٹس پیش کئے گئے۔

بہار اسپورٹس اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل رویندرن شنکرن ، بودھ گیا میں اِس تقریب میں شریک ہوئے۔ انہوں نے اِن لمحات کو تاریخی قرار دیا۔

SB - Ravindran Shankaran

وزیر اعلیٰ نے اِس موقع پر آئندہ کھیلو انڈیا یوتھ گیمز کی تیاریوں کا جائزہ بھی لیا۔ یہ کھیل کود مقابلے ، بہار میں اگلے ماہ کی چار سے 15 تاریخ تک منعقد ہوں گے۔ x

**Add Iran Blast**

جنوبی ایران میں بندرعباس کے قریب شہید رجائی بندرگاہ پر ہوئے تباہ کن دھماکے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 25ہوگئی ہے اور تقریباً 800دیگر افراد زخمی ہوئے ہیں۔ یہ خبر ایران کی سرکاری میڈیا نے دی ہے۔ یہ دھماکہ کل اس وقت ہوا تھا جب ہرمزگان صوبے میں بندر گاہ پر ایک ایندھن کے ٹینکر میں دھماکہ ہوگیا۔ تاہم حکومت نے کہا ہے کہ اصل سبب کی تحقیق ابھی جاری ہے۔ ایران کے صدرمسعود پزشکیان نے سوشل میڈیا پر ایک بیان میں متاثرین کے ساتھ دکھ اور ہمدردی کا اظہار کیا اور اس واقعہ کی وجوہات کا پتہ لگانے کے لئے تحقیقات کا حکم جاری کیا ہے۔ اسی دوران، ایرانی حکومت نے شہید رجائی بندرگاہ پر ہولناک دھماکے کے مدنظر 28اپریل کو ایک دن کے قومی سوگ کا اعلان کیا ہے۔ یہ بات ایرانی سرکار کی ترجمان فاطمہ Mohajerani نے آج بتائی۔ تازہ ترین خبروں کے مطابق بندر عباس کے جنوبی ایرانی شہر کے نزدیک بندرگاہ پر ہوئے کَل کے اِس دھماکے میں، 28افراد جاں بحق اور ایک ہزار 200سے زیادہ زخمی ہوگئے ہیں۔ یہ دھماکہ اُس وقت ہوا جب Hormozogan صوبے کی بندرگاہ پر تیل کا ایک ٹینکر پھٹ گیا۔ البتہ حکومت نے کہا ہے کہ اِس کی اصل وجہ جاننے کیلئے ابھی تحقیقات کی جارہی ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک بیان میں صدرمسعود پزشکیان نے متاثر ہونے والوں کے ساتھ ہمدردی اورغم کا اظہار کیا ہے اور اس واقعے کی تحقیقات کرنے کا حکم دیا ہے۔انھوں نے کہا کہ وزیر داخلہ کو اِس واقعے کی تفصیلی تحقیقات کرنے کیلئے اُن کے خصوصی نمائندے کے طور پر اِس خطے میں بھیجا گیا ہے۔ ایران کی قومی پیٹرولیم ریفائننگ اور ڈسٹری بیوشن کمپنی نے کہا ہے کہ اِس دھماکے سے تیل کی تنصیبات متاثر نہیں ہوئی ہیں۔x

**Bangladesh Election**

بنگلہ دیش میں دانشوروں کی ایک غیرسرکاری تنظیم ’پالیسی مذاکرات کیلئے مرکز‘ CPD نے خبردار کیا ہے کہ اگر آئندہ قومی انتخابات وقت پر نہ ہوئے تو ملک میں سرمایہ کاری کو سنگین چیلنج کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ آج ڈھاکہ میں

ایک سیمینار میں خطاب کرتے ہوئے CPD میں ایک معزز Fellow پروفیسر مستفیض الرحمن نے کہا کہ اگر الیکشن میں تاخیر ہوتی ہے تو سیاسی غیریقینی کی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے نیز یہ کہ اِس سے سرمایہ کاروں کا اعتماد مجروح ہوسکتا ہے۔ انھوں نے زور دیا کہ سرمایہ کاری کو راغب کرنے کیلئے سیاسی استحکام کلیدی ہے۔ سرمایہ کاری کی ایک حالیہ سربراہ کانفرنس سے کچھ امیدیں ضرور اجاگر ہوئی ہیں۔ البتہ ڈاکٹر رحمن نے واضح کیا کہ اصل بیرونی سرمایہ کاری کافی نہیں تھی۔انھوں نے یہ واضح کرتے ہوئے ویتنام کے ساتھ مقابلہ کیا کہ جنوب مشرقی ایشیا کے اس ملک میں غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری کے ذریعے 360ارب ڈالر کی سرمایہ کاری حاصل کی ہے جب کہ بنگلہ دیش میں صرف 22ارب کی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔x

## UGANDA EBOLA

یوگانڈا نے کسی نئے تصدیق شدہ معاملے کی رپورٹنگ کے بغیر 42روزہ لازمی کاؤنٹ ڈاؤن کے مکمل ہونے کے بعد ایبولا سوڈان وائرس بیماری کے خاتمے کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان، راجدھانی Kampala میں اِس وائرس کے پتہ لگنے کے تین مہینے سے کم وقت میں کیا گیا ہے۔x

## Canada Killed

کناڈا میں آج مقامی پولیس نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ Vancouver میں Lapu Lapu فیسٹیول میں بھیڑ میں ایک گاڑی کے گھسنے سے9افراد ہلاک اور بہت سے زخمی ہوگئے۔ Vancouver پولیس محکمے کے مطابق ایک 30سالہ مقامی شخص کو اب حراست میں لے لیا گیا ہے جو کل شام اِس میلے میں ایک بلیک SUV لے کر بھیڑ میں جا گھسا تھا۔ محکمہ پولیس نے تصدیق کی ہے کہ یہ واقعہ، دہشت گردی کا واقعہ نہیں ہے۔ شاہدین نے بتایا ہے کہ متاثر ہونے والے اُس وقت زخمی ہوگئے تھے، جب وہ سڑک کے ساتھ ساتھ یا تو پیدل جارہے تھے یا کھڑے ہوئے کھانے پینے کے ٹرکوں کے انتظار کر رہے تھے۔

سوشل میڈیا پر اِس واقعے کی ہولناک ویڈیوز آئی ہیں جس میں بہت سے متاثرین سڑکوں پر پڑے ہوئے ہیں۔ ان میں سے کچھ مرے ہوئے یا شدید طور پر زخمی نظر آتے ہیں۔ یہ واقعہ، فلپائن کے پہلے قومی ہیرو Lapu-Lapu کے اعزاز میں سالانہ تقریب کے دوران پیش آیا۔x

## WOMENS CRICKET

خواتین کرکٹ میں، کولمبو میں تین ملکوں کی سیریز کے پہلے ایک روزہ میچ میں بھارت نے میزبان سری لنکا کو 9–وکٹ سے ہرا دیا۔ میچ کے آغاز میں بارش کی وجہ سے تاخیر ہوئی اور مقررہ اوورس کو گھٹا کر 39 کر دیا گیا۔ سری لنکا کی طرف سے دیے گئے 148رن کے ہدف کو بھارت نے 29اوورس چار گیندوں پر محض ایک وکٹ کے نقصان پر حاصل کر لیا ۔اس سے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے، سری لنکا کی پوری ٹیم 38اوورس ایک گیند پر 147رن بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔اس ٹورنامنٹ میں تیسری ٹیم جنوبی افریقہ کی ہے۔x

## IPL T20 Cricket

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، میزبان ممبئی انڈینس نے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں لکھنؤ سپر جائنٹس کو 54رنوں سے شکست دی۔ لکھنؤ سپر جائنٹس، مقررہ 20اوورس میں 216رنوں کا نشانہ حاصل کرنے میں ناکام رہی۔ اس سے پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے ممبئی انڈینس نے مقررہ 20اوورس میں سات وکٹوں کے نقصان پر 215رن بنائے۔ ایک دوسرے میچ میں رائل چیلنجرس بنگلورو نے میزبان دلی کیپٹلز کے خلاف پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔×

☆☆☆☆☆☆